## سوال

(61)جمعہ کے غسل کی فرضیت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہندوپاک کے اہل حدیث علماء غُسل یَوم الجمعة کو فرض نہیں سمجھتے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

« غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ » (بخاری الجمعة باب فضل الغسل یوم الجمعة ومسلم الجمعة : باب وجوب غسل الجمعة علی کل بالغ من الرجال)

''ترجمہ :جمعہ کے دن کا غسل ہر بالغ پر واجب ہے ''اگر کوئی بزرگ اس غسل کو واجب نہیں سمجھتے تو ان کی تحقیق ان کے ساتھ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

غسل کا بیان ج1ص93

محدث فتویٰ